www.KitaboSunnat.com

خواجہ عبدالمنان راز

اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں

اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں
تیری رحمت کے ہر دم طلب گار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

ہم کہیں کے رہے نہ تجھے چھوڑ کر،
ساری دنیا کی نظروں میں ہم خوار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

تیرے احکام سے تیرے اسلام سے
مختلف اپنے کردار و اطوار ہیں،
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

دَور تھا جب کہ قدموں میں دنیا تھی اک
دور ہے اب کہ ہم سب نگوں سار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

مے کے نشے میں حاکم نے کلمہ پڑھا
سن کے ہم چپ رہے ہم خطا کار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیرا قرآں سر رہ جلایا گیا
ہم یقیناً سزا ہی کے حقدار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

ولولے حوصلے اب فسانہ ہوئے
چلتی تلوار تھے ٹوٹی تلوار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

اتحاد و یقیں کی متاع لٹ گئی
ٹھوس دیوار تھے گرتی دیوار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

بے بسی، خستہ حالی، شکستہ دلی،
اپنے اعمال کے سب یہ آثار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

تجھ سے کٹ کر پریشاں پشیماں ہیں ہم
تیرے رستے سے ہٹ کر ہوئے خوار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں!

سر جھکا کر کہو، گڑ گڑا کر کہو ! !
ہم گنہگار ہیں ہم خطا کار ہیں،
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ